پریس ریلیز

گوجرانوالہ 19 دسمبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ بلاشبہ گوجرانوالہ میں تیار ہونے والی عالمی معیار کی مصنوعات دنیا میں اپنا ثانی نہیں رکھتی ان مصنوعات میں ایک بڑا نام اخلاق فرنیچر کا بھی ہے۔جس نے اپنی کوالٹی اور معیار کو برقرار رکھتے ہوئے کامیابی کے 50 سال مکمل کئے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اخلاق فرنیچر کی گولڈن جوبلی کی شاندار تقریب سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر اخلاق فرنیچر کے چیف ایگزیکٹیو زاہد محمود اور دیگر رفقاء کار بھی موجود تھے۔صدر گوجرانوالہ چیمبر نے اخلاق فرنیچر کے تمام اکابرین کو 50 سال مکمل کرنے پر مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ اسی طرح اپنی کوالٹی اور معیار کو برقرار رکھیں گے۔یہ بات قابل ذکر ہے کہ گھریلو یا آفس کے استعمال کیلئے اخلاق فرنیچر سے تیار کئے جانے والی مصنوعات دیدہ زیب اور بہترین کوالٹی کی حامل ہے جو کہ اخلاق فرنیچر کی مقبولیت کی مین وجہ ہے۔

اس موقع پر چیف ایگزیکٹیو اخلاق فرنیچر زاہد محمود نے گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب اور اراکین مجلس عاملہ کا گولڈن جوبلی کی پروقار تقریب میں تشریف لانے پر خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اخلاق فرنیچر نے اس خوشی کے موقع پر 25 فیصد فلیٹ ڈسکاؤنٹ آفر کی ہے گوجرانوالہ سمیت دیگر علاقوں کے لوگ اس ڈسکاؤنٹ سے بھرپور استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔